# نیلام عام (بلڈنگ میٹریل)

بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ فرنٹیر کنسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پشاور صدر میں موجود بلڈنگ میٹریل (اینٹ، لکڑی دروازے، کھڑکیاں، گارڈر، تیار چھتیں وغیرہ) "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر واقع فرنٹیر کنسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پشاور صدر نیلام عام کیا جارہا ہے۔
نیلامی 05 جون 2025 اور دن 11:00 بجے بمقام دفتر کمانڈنٹ فرنٹیر کنسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پشاور صدر میں ہوگی۔

شرائط وضوابط :۔

1. بولی میں حصہ کیلئے مبلغ -/Rs. 50,000 (پچاس ہزار) زرِ ضمانت (قابل واپسی) کی کال ڈیپازٹ بحق کمانڈنٹ فرنٹیر کنسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پشاور جمع کروانا ہوگی۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہونے پر نیلامی کا نصف حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ نصف حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں زرِ بیعانہ بحق کمانڈنٹ ایف سی ضبط کرلیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو یہ پیشکش کی جائیگی۔
3. کامیاب بولی دہندہ کو مجاز اتھارٹی سے بولی منظور ہونے کے بعد بقایا رقم کا نصف رقم (03) یوم کے اندر دفترِ ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کے (10) دن کے اندر اندر بلڈنگ میٹریل اپنے خرچہ پر اٹھانے کا پابند ہوگا۔
5. کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔
6. نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے اصلی شناختی کارڈ (CNIC) اور اسکی فوٹو کاپی ساتھ لائینگے۔
7. کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ شخص کی طرف سے تصدیق شدہ مختار نامہ اور شناختی کارڈ (CNIC) کی مصدقہ کاپی مہیا کرنا ہوگی۔
8. فرنٹیر کنسٹیبلری کے نادہندہ گان بولی میں حصہ لینے کی مجاز نہیں ہوں گے۔
9. شرائط پڑھ کر مکمل آگاہی دریافت کرکے ہر غلط فہمی بولی سے قبل دور کرکے پوری ذمہ داری سے بولی دیں۔ بوقت بولی کوئی عذر یا اعتراض قابلِ سماعت / لائق منظوری نہیں ہوگا۔
10. مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ کوئی وجہ بتا کر PPRA رولز کے مطابق بولی منظور یا مسترد کردے اور یہ حکم نامنظوری کسی بھی عدالت میں یا کسی فورم میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور اسکی حیثیت حتمی ہوگی۔
11. شرائط وضوابط دیگر تفصیلات ایف سی اور PPRA ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔
12. مزید کسی قسم کی تفصیلات / معلومات دفتری اوقات کار کے دوران ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور صدر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

برائے کمانڈنٹ
فرنٹیر کنسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پشاور صدر